# منصفانہ عمل کا ضابطہ اخلاق (منصفانہ پریکٹس کوڈ)
# سٹی کارپ فائنانس انڈیا لمیٹیڈ

**مالک:** تمام کاروبار

**رابطہ (روابط):**
تمام کاروبار کے صدر
dl.citi.in.cfil.business.leads@citi.com

**اجراء کی تاریخ:**
22 ستمبر 2017

**نظر ثانی:**
جنوری 2022

**بورڈ کی آخری مرتبہ منظوری:**
4 فروری 2021 (4.0)
3 نومبر 2020 (3.0)
7 نومبر 2019 (2.0)
22 ستمبر 2017 (1.0)
**ورژن:** 5.0

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| 1 | عمومی جائزہ | 1 |
| 2 | عریضے/لون کے لئے درخواستیں اوران پر کاروائی | 2 |
| 3 | لون کاتخمینہ لگانااورشرائط وضوابط | 4 |
| 4 | لون کی فراہمی ،بشمول شرائط وضوابط میں تبدیلی | 5 |
| 5 | عام دفعات | 6 |
| 6 | بورڈ آف ڈائرکٹرس کی ذمہ داری | 7 |
| 7 | شکایت کےازالے کانظام | |
| 8 | منصفانہ پریکٹس کوڈ بتانے کی زبان اورذریعہ | 11 |
| 9 | این بی ایف سی کے ذریعے بہت زیادہ سودلاگوکرنے پرضابطہاورشکایات | 12 |
| 10 | این بی ایف سی کی مالی مدد سے خریدی گئی گاڑیوں پرقبضہ کرنے کےمتعلق وضاحتیں | 13 |

## 1. جائزہ

آر بی آئی کی ہدایات کے مطابق، ملاحظہ ہو آر بی آئی کا جاری کردہ اطلاع نامہ سرکیولر نمبر نمبر۔ DNBR.PD.CC.085/03.10.001/2016-17 بتاریخ 02 مارچ 2017، جو کہ غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیوں (این بی ایف سی) کے ذریعے پابندی کی جانے والی منصفانہ عمل کے بارے میں ہے، سٹی کارپ فائنانس (انڈیا) لمیٹیڈ (اب سے "سی ایف آئی ایل") نے باضابطہ طور پر گراہکوں کے ساتھ اپنے تمام لین دین میں ان ہدایات کو اپنا لیا ہے۔

سی ایف آئی ایل کمپنی این ڈی-ایس آئی این بی ایف سی سے رجسٹرڈ شدہ ہے جو قرض دینے کا کاروبار کرتی ہے۔ جن مدوں میں سی ایف آئی ایل کام کرتا ہے وہ یہ ہیں: اثاثہ جات کی بنیاد پر فائنانسنگ، اسٹریٹجِک ایکوئٹی سولیشنز (ایس ای ایس)۔ مارجِن لون، کارپوریٹ لون اور بازار میں اوسط کاروبار کرنے والی کمپنیاں۔

اگرچہ، گراہکوں کے تمام معاملات میں سچائی، شفافیت اور صداقت کو سی ایف آئی ایل کی کاروائیوں اور عملی طریقہ کار میں مستقل طور پر شامل کیا گیا ہے، پھر بھی مذکورہ بالا حوالہ جات/ہدایات کے تحت ضابطہ اخلاق (کوڈ) کو باقاعدہ طور پر دستاویزی طور پر تحریر کیا جا رہا ہے۔

## .2 عریضے/لون کے لئے درخواستیں اوران پر کاروائی

### اثاثہ جات کی بنیاد پر فائنانسنگ - کاروباری گاڑیاں اورتعمیراتی سازوسامان

سی ایف آئی ایل لون سے متعلق تمام ضروری معلومات کولون کے عریضے (عریضوں) میں مہیاء کرتا ہے جس میں با قاعدہ پُر کردہ عریضہ فارم کے ساتھ گراہک کے ذریعے جمع کئے جانے والے ضروری دستاویزات اورلون کی معلومات شامل ہیں۔

لون عریضہ فارم میں فراہم کردہ معلومات میں درج ذیل شامل ہیں لیکن انھیں تک محدودنہیں ہے

- ✓ لون کی تمام کیٹگریوں پر کم ازکم اورزیادہ سے زیادہ سالانہ پُراثر شرح سود
- ✓ اخراجات کا انکشاف
- ✓ یہ بیان کہ" کمپنی کے ذریعے عائد کی جانے والی شرح سودخطرے کا پریمیم جسے معقول اور جائز سمجھا جائے،شامل ہے اوراس میں قرض خواہ کی داخلی درجہ بندی،سیکیورٹی کی موجودگی یاعدم موجودگی اور قیمت،ساتھ میں دیگرعوامل جن میں قرض خواہ کی آمدنی،قرض کی رقم،قرض لینے کی سابقہ تاریخ،بیورومعلومات شامل ہیں
- ✓ یہ بیان کہ" خطرے کی درجہ بندی لون کی قسم،سیکیورٹی کی قیمت یا کولیٹرل،لون کی مدت اورلون کی رقم سے منسلک خطرات کی بناء پر کیا جا تا ہے۔

دورکاردستاویزات کی ایک اشارتی فہرست عریضہ فارم میں ظاہر کردی گئی ہے۔

تجارتی قرض میں،قرض کی کلیدی شرائط وضوابط کوایک ایسی مقامی زبان میں قرض خواہ کوسمجھایا جا تا ہے جس زبان کووہ سمجھتا ہے۔مزید برآں،گراہک کے ذریعے مقامی زبان میں اقرار کے ذریعے گراہک اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ وہ عریضہ فارم کی شرائط وضوابط کوسمجھ چکا ہے۔

پُرشدہ تمام عریضہ فارم کو باقاعدہ طور پرتسلیم کیا جا تا ہے۔اس مقصد کے لئے ہرعریضہ فارم میں تسلیم واعتراف کے لئے سوراخ والاحصہ ہوتا ہے۔درخواست دہندگان کومشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ تسلیم ہوجانے کےنشان حاصل کرنے پراصرار کریں۔

یہ اعتراف،تمام ضروری کاغذات کےموصول ہونے کی تاریخ سے لے کرکم وبیش 15 دنوں کا وقت متعین کرتا ہے جس مدت میں لون پر کاروائی کی بہترین کوشش ہوگی۔

### کارپوریٹ لون

قرض کی شرائط وضوابط پرقرض خواہ اورسی ایف آئی ایل باہمی اتفاق رکھتے ہیں اوراس تجویز کےقبول ہونے کی اطلاع گراہک نے ایک درخواست کے خط کے ذریعے دی ہے جس میں لون پر قابلِ اطلاق شرح سود،لون کی رقم،لون کی مدت،لون کی شرح میں کمی وبیشی کی صورت میں دوبارہ متعین کرنے کا تواتر درج ہوتا ہے۔

**اوسط درجے کا لون**

قرض کی شرائط پر موکل اور سی ایف آئی ایل باہمی اتفاق رکھتے ہیں۔ موکل سی ایف آئی ایل درخواست کا خط فراہم کرتا ہے۔ درخواست خط میں قرض کی رقم، مدت، میچیورٹی تاریخ، شرح سود، شرائط وضوابط وغیرہ شامل ہیں۔

**اسٹریٹجک ایکوئٹی سولیشنز (ایس ای ایس)۔ مارجن لون،**

گراہک کے ساتھ کئے گئے معاہدے میں شرائط کا مکمل انکشاف شامل ہے۔

## 3. لون کا تخمینہ لگانا اور شرائط وضوابط

قرض کی درخواستوں / درخواست خط کی جانچ سی ایف آئی ایل کے قرض کا تخمینہ لگانے کا عمل (خطرات پر مبنی) اور قابلِ اطلاق پروگرام کے مطابق کی جاتی ہے۔

قرض کی منظوری کے بعد، ایک جامع معاہدہ / منظوری کا خط جس میں منظور شدہ لون کی رقم، سالانہ قابلِ اطلاق شرح سود، ساتھ میں شرائط وضوابط کی تفصیلات درج ہوتی ہیں اسے تیار کر کے اس کی ایک نقل قرض خواہ کو بھیج دی جاتی ہے۔

سی ایف آئی ایل لون کے معاہدے کی تمام اہم شرائط وضوابط کی وضاحت کرتا ہے جیسے کہ لون کی رقم، شرح سود، قسطوں کا نظام، مدت اور سی ایف آئی ایل کے حقوق کے بارے میں دیگر متعلقہ شرائط، ایسی صورت میں جب لون کی منظوری کے بعد اور لون کے معاہدے پر کارروائی کے موقع پر قرض خواہ معاہدے کی خلاف ورزی کرے۔

لون / سہولت کے معاہدے میں درج ہدایات کے مطابق لون کی رقم کی تاخیر سے ادائیگی پر جرمانہ سود عائد کیا جاتا ہے۔

## 4. لون کی فراہمی، بشمول شرائط وضوابط میں تبدیلی

لون فراہم کرنے کے بعد، لون کی واپسی کا شیڈول جس میں لون کی تفصیلات، سود-پرنسپل بریک اپ اور دیگر عائد اخراجات شامل ہیں اسے تمام قرض خواہان کو بھیج دیا جاتا ہے۔

اے بی ایف پروڈکٹس کے لئے ایک آزاد مرکزی اکائی کے ذریعے لون کی تفصیلات کی تصدیق کے لئے بیداری و آگاہی کا عمل کیا جاتا ہے۔ وہ معلومات جو قرض خواہ کو دوبارہ مہیاء کی جاتی ہیں ان میں لون نمبر، ای ایم آئی رقم، لون کی مدت اور ایم آئی ادائیگی کی تاریخ شامل ہیں۔ اثاثہ جات کی بنیاد پر سرمایہ کاری (اے بی ایف) کے لئے آگاہی کا عمل ریکارڈ کی جانے والی فون لائنس پر کی جاتی ہے اور کال کے ریکارڈ 6 مہینوں تک محفوظ رکھے جاتے ہیں۔

کمرشیل گاڑیاں/تعمیراتی سامان کی فائنانسنگ ٹرم لون کا حصہ ہیں جن پر شرح سود متعین ہوتی ہے اور پھر ای ایم آئی کے ذریعے ماہانہ ادائیگی لاگو ہوتی ہے۔ مزید، دیگر شرائط وضوابط میں تبدیلی سے متعلق تفصیلات اس شق کے تحت بیان کی گئی ہیں- لون معاہدے میں" شرائط میں تبدیلی کی اطلاع"۔ شرح سود، اخراجات وغیرہ میں جب اور جیسے تبدیلیاں کی جائیں وہ برانچ اور ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گی۔ تاہم، اگر یہ تبدیلی صرف کسی ایک انفرادی معاہدے/لون تک محدود ہوں اور تمام گراہکوں پر لاگو نہ ہوتی ہوں، ایسی صورت میں اس تبدیلی کو خط/ای میل کے ذریعے رجسٹرڈ پتے یا رجسٹرڈ فون نمبر پر ایس ایم ایس/فون کال کے ذریعے بھیج دی جائیں گی۔

لون بُک کرنے/منظوری کے بعد لون معاہدے کی ایک نقل قرض خواہ کو بھیجی جاتی ہے۔

لون کی عدم ادائیگی کی اُن صورتوں میں جب لون واپس لیا جاسکتا ہے یا لون کی واپسی کا عمل تیز کیا جاسکتا ہے اس کی تفصیلات لون معاہدے کے مخصوص حصے میں فراہم کی گئی ہیں۔

سی ایف آئی ایل بقایا قرض کی مکمل واپسی پر اور قرض کے معاہدے کے تحت تمام ذمہ داریوں کی تکمیل پر قرض خواہان کو تمام سیکیورٹیز جاری کرے گی۔ تاہم، سی ایف آئی ایل کو اس طرح کی تمام سیکیورٹیز کو برقرار رکھنے کا حق حاصل ہوگا، اس صورت میں کہ قرض خواہان نے سی ایف آئی ایل سے لون/قرض کی سہولت حاصل کی ہو اور ان دعووں پر کسی بھی جائز حق یا رہن ہو۔

*اگر سی ایف آئی ایل کو اس طرح سیٹ آف کا حق استعمال کرنا ہے تو قرض خواہان کو باقی دعووں اور دستاویزات کے بارے میں مکمل تفصیل کے ساتھ اس سے متعلق پیشگی تحریری اطلاع دی جائے گی جس کے تحت متعلقہ دعوے کے حل/ادا ہونے تک سیکیورٹیز برقرار رکھنے کا حق رکھتے ہیں۔

**اسٹریٹجک ایکوئٹی سولیشنز (ایس ای ایس)-مارجن لون** - (ایس ای ایس)-مارجن لون کی صورت میں اتفاق شدہ شرح سود پر لون پیش کئے جاتے ہیں۔ شرح سود کا تعین گراہک کے ساتھ باہمی رضامندی سے کیا جاتا ہے۔

## 5. عام دفعات

قرض کی منظوری کے دستاویزات میں درج شرائط وضوابط کے مطابق اختتامی استعمال کی نگرانی اور مقاصد کے علاوہ، سی ایف آئی ایل قرض خواہ کے معاملات میں مداخلت نہیں کرتا ہے (جب تک کہ کوئی نئی معلومات جو قرض خواہان نے پہلے ظاہر نہیں کی ہیں، وہ سی ایف آئی ایل کے علم میں آجائیں)۔

کھاتے کی منتقلی (لون کی تفویض) کے بارے میں قرض خواہ کے ذریعے تحریری درخواست موصول ہونے پر، 21 دنوں میں اجازت یا اعتراض کی اطلاع کر دی جاتی ہے۔ کمپنی کے کام کاج کے مطابق، صارف کے قرضوں کے لئے کسی بھی صورت میں، قرض خواہ کی جانے سے این او سی پر مبنی کسی بھی درخواست کے معاملے میں تجارتی لون کے لئے گراہک کو کھاتہ بند کرنے سے انکار نہیں کیا جاتا۔ اسی کے بارے میں قرض خواہ کو اطلاع کر دی جاتی ہے یا اعتراض کی وجہ بتائی جاتی ہے۔ تجارتی لون، اوسط کاروبار کے لون اور اسٹریٹجِک ایکوئٹی سولیشنز (ایس ای ایس)۔ مارجِن لون، کے لئے، ایسی کوئی بھی صورت نہیں ہے جہاں لون منتقل کیا گیا ہو۔

لون وصولی کے معاملے میں خاص طور پر جہاں بازیابی کے لئے تیسرے فریق کے ایجنٹ مصروف ہیں، سی ایف آئی ایل قرض وصولی کے لئے وضع کردہ ضابطہ اخلاق اور اس سلسلے میں قانونی ہدایات کا پابند ہے۔

گراہکوں سے احسن طریقے سے معاملات طئے کرنے کے عملے کا مناسب تربیت دی جاتی ہے۔

پیشگی بند کرنے کے اخراجات/پیشگی ادائیگی کے جُرمانے انفرادی قرض خواہوں کو منظوری دئے گئے گھٹتے بڑھتے شرح سود پر عائد نہیں ہوتے۔
کارپوریٹ قرض داروں کے لئے سود دوبارہ متعین کرنے کی تاریخ پر فلوٹِنگ لون کی شرح کی پیشگی ادائیگی پر پیشگی بند کرنے کے اخراجات/پیشگی ادائیگی کے جُرمانے عائد نہیں کئے جائیں گے۔

## 6. بورڈ آف ڈائرکٹرس کی ذمہ داری

اس سلسلے میں پیدا ہونے والے تنازعات حل کرنے کے لئے سی ایف آئی ایل کو بورڈ نے تنظیم کے اندر شکایات کے ازالے کے لئے ایک موزوں طریقہ کار مرتب کیا ہے۔ شکایات حل کرنے کے لئے ایک صحت مند طریقہ کار کو یقینی بنانے کے لئے شکایات کے اعتبار سے مختلف سطحیں متعین کی گئی ہیں تا کہ اگر کسی پیش کردہ حل سے گراہک مطمئن نہ ہو تو شکایت کم از کم اگلی او پری سطح پر نمٹائی جا سکے۔

## 7. شکایت کے ازالے کا نظام

سی ایف آئی ایل میں،، ہمارا مقصد ہمارے گراہکوں کو بہترین کسٹمر سروس فراہم کرنا ہے اور ہم نے مستقل طور پر صحت مند اور موثر کسٹمر سروس پلیٹ فارم قائم کرنے کے لئے بنیادی ڈھانچے، افراد، طریقہ کار اور تربیت میں سرمایہ کاری ہے۔ شکایت کے ازالے کا معیاری ایس ایل اے 15 کام کاج کے ایام ہیں۔

ہمارے رابطہ چینلز، درجہ بندی کے چینلز اور آر بی آئی کی طرف سے مقرر کردہ اومبڈزمین (محتسب) کی تفصیلات ذیل میں درج ہیں۔

### رابطہ چینلز

مختلف پروڈکٹس کے لئے ہم سے رابطہ کرنے کے لئے گراہکوں کی خدمت میں درج ذیل رابطہ چینلز دستیاب ہیں:

### اثاثہ جات کی بنیاد پر سرمایہ کاری۔ کمرشیل گاڑیاں اور تعمیراتی سامان

**ہیلپ لائن:** گراہک ہمیں ہمارے مرکزی ٹول فری ہیلپ لائن نمبر پر کال کر سکتے ہیں: 1800-26-70-124

وقت: پیر سے جمعہ (10 بجے صبح سے شام 6 بجے تک)

**ای میل:** wecare.cfil.india@citi.com پر ای میل بھیجیں۔

**میل:** اس پتے پر لکھیں: کسٹمر سروس، سٹی کارپ فائنانس (انڈیا) لمیٹیڈ،
3 ایل ایس سی، پُشپ وِہار۔نئی دلی۔110062

**ویب سائٹ:** www.citicorpfinance.co.in

شاخیں: ہماری ویب سائٹ پر شاخوں کی فہرست دستیاب ہے:
https://www.citicorpfinance.co.in/CFIL/locate-us.htm
اور ہماری شاخیں پیر سے جمعہ تک صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک جاری رہتی ہیں۔

### کنزیومر لون (ہوم ایکوئٹی، ہوم لون، ذاتی لون، کنزیومر ڈیوریبل، دو پہیہ گاڑی اور آٹو لون)

**ہیلپ لائن:** گراہک ہمیں ہمارے مرکزی ٹول فری ہیلپ لائن نمبر پر کال کر سکتے ہیں: 1800-11-99-49 (ٹول فری۔ایم ٹی این ایل، بی ایس این ایل، ایرٹیل، ریلائنس، ٹاٹا، آئیڈیا، ووڈافون اور ایرسیل صارفین کے لئے) یا 39001111 نمبر پر۔ وقت: پیر سے جمعہ (9 بجے صبح سے شام 6 بجے تک)

**ای میل:** ای میل اس پتے پر بھیجیں wecare@citi.com

**میل:** اس پتے پر لکھیں: کسٹمر سروس، سٹی کارپ فائنانس (انڈیا) لمیٹیڈ، 3 ایل ایس سی، پُشپ وِیہار، نئی دہلی-110062

**ویب سائٹ:** www.citicorpfinance.co.in

**شاخ:** سٹی کارپ فائنانس (انڈیا) لمیٹیڈ، 3 ایل ایس سی، پُشپ وِیہار، نئی دہلی-110062

## اسٹریٹجِک ایکوئٹی سولیشنز (ایس ای ایس)۔مارجن لون، کارپوریٹ لون اور اوسط کاروبار کرنے والی کمپنیوں کو فراہم کردہ لون

حسب ضرورت گراہک اپنے متعلقہ رِلیشن شِپ منیجر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## شکایات کے ازالے کا طریقہ کار درجہ بندی کے چینلز

اگر قرض خواہ مذکورہ بالا رابطوں سے موصولہ جواب سے غیر مطمئن ہے تو وہ ہم سے درج ذیل درجہ بندی کے چینلز سے رابطہ کرسکتا ہے یا تحریری شکل میں سوال بھیج سکتا ہے۔ان افسران سے پیر سے لے کر جمعہ تک صبح 10 بجے سے شام 6 بجے کے درمیان رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

گراہکوں کی شکایت کے لئے پروڈکٹ کے مطابق درجہ بندی کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

## شکایات کی درجہ بندی: تمام پروڈکٹس کے لئے: پہلا درجہ

اگر قرض خواہ سی ایف آئی ایل میں اپنے رابطے سے موصول ہونے والے جواب سے غیر مطمئن ہے تو وہ اس معاملے کو شکایات کے ازالے کے لئے متعین افسر کے پاس اُٹھا سکتا ہے جس کا پتہ اور رابطے کی تفصیلات یہاں درج ہیں:

عالی جناب ابھیشیک کُمار
سٹی کارپ فائنانس انڈیا لمیٹیڈ،
3 ایل ایس سی، پُشپ وِیہار، نئی دہلی-110062
91 11 44002168
ای میل: GRODESK@citi.com

## شکایات کی درجہ بندی: تمام پروڈکٹس کے لئے: دوسرا درجہ

اگر قرض خواہ درجہ بندی کے پہلے درجے سے موصول ہونے والے جواب سے غیر مطمئن ہے تو وہ اس معاملے کو شکایات کے ازالے کے لئے پرنسپل نوڈل افسر کے پاس اُٹھا سکتا ہے جس کا پتہ اور رابطے کی تفصیلات یہاں درج ہیں:

عالی جناب انوراگ جین
پرنسپل نوڈل آفیسر (پی این او)
سٹی کارپ فائنانس (انڈیا) لمیٹیڈ،
3 ایل ایس سی، پُشپ وِیہار، نئی دہلی-110062
91 11 4400 2148
ای میل: Cfil.principal.nodal.officer@citi.com

## شکایات کی درجہ بندی: تمام پروڈکٹس کے لئے: تیسرا درجہ

اگر قرض خواہ دوسرے درجے سے موصول ہونے والے جواب سے غیر مطمئن ہے تو وہ اس معالے کو شکایات کے ازالے کے لئے مینیجنگ ڈائرکٹر کے پاس اُٹھا سکتا ہے جس کے رابطے کی تفصیلات یہاں درج ہیں:

ای میل: managingdirector.CFI@citi.com

سی ایف آئی ایل کوشش کرے گی کہ وہ شکایت موصول ہونے کے ایک ماہ کے اندر جواب فراہم کرے۔

## ریزرو بینک آف انڈیا کے ذریعے تقرر کردہ اومبڈس مین/این بی ایف سی او تک شکایت پہنچانا

اگر ایک ماہ کی مدت میں شکایت کا ازالہ نہیں کیا جاتا ہے یا اگر شکایت کنندہ دئے گئے جواب سے مطمئن نہیں ہے تو ایسی صورت میں وہ ریزرو بینک آف انڈیا کے ذریعے ضم کردہ اومبڈس مین اسکیم 2021 کے تحت تقرر کردہ محتسب کو خط تحریر کرسکتا ہے۔ اومبڈسمین اسکیم کی تفصیلات برانچ کے نوٹس بورڈ پر آویزاں ہیں۔ اس بارے میں ہمارا عملہ طریقہ کار سمجھائے گا۔

**مزید برآں، اومبڈسمین اسکیم کی تفصیلات ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:**
https://www.citicorpfinance.co.in/CFIL/pdf/Ombudaman/Ombudaman-Scheme.pdf
https://www.citicorpfinance.co.in/CFIL/pdf/Ombudaman/Appendix-A-English.pdf

**پرنسپل نوڈل آفیسر (پی این او)/ اومبڈسمن کی مرکزی موصولی رسید اور کاروائی کا مرکز (سی آر پی سی) اور شکایت فارم:**
https://www.citicorpfinance.co.in/CFIL/Annex-I-and-II.pdf

**اگر گراہک اومبڈسمین کے فیصلے سے مطمئن نہیں ہیں تو، اپیلیٹ اتھارٹی ہے: نائب گورنر، آر بی آئی**
آر بی آئی کا گراہک کی تعلیم اور حفاظت کا ڈپارٹمنٹ کا انچارج اِکزیکیوٹیو ڈائرکٹر

**اسکیم کی مزید تفصیلات کے لئے www.rbi.org.in ملاحظہ کریں۔**

## 8. منصفانہ پریکٹس کوڈ بتانے کی زبان اور ذریعہ

سی ایف آئی کی شاخوں اور سی ایف آئی ایل کی ویب سائٹ www.citicorpfinance.co.in پر ضابطہ اخلاق کو مختلف مقامی زبانوں میں درج کیا گیا ہے۔

## 9. این بی ایف سی کے ذریعے بہت زیادہ سود لاگو کرنے پر ضابطہ اور شکایات

### اثاثہ جات پر مبنی فائنانس - تجارتی گاڑیاں اور تعمیراتی سامان

شرح سود کا ماڈل رقیمتوں کے تعین کی پالیسی تیار کرنے کے لئے سی ایف آئی ایل متعلقہ عوامل کو مدنظر رکھتے ہیں جیسے کہ فنڈز کی لاگت، منافع اور پریمیم پر خطرات، اور اس بنیاد پر لون پر عائد ہونے والے شرح سود کا فیصلہ ہوتا ہے اور یہ پالیسی سی ایف آئی ایل کی ویب سائٹ پر درج ہے: www.citicorpfinance.co.in

سود کی شرحیں اور خطرات کی درجہ بندی کا طریقہ کار سی ایف آئی ایل کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

سود کی شرحیں اور خطرات کی درجہ بندی کا طریقہ کار اور مختلف کیٹگری کے قرض خواہان کے لئے مختلف شرح سود عائد کرنے کی وجوہات قرض خواہ کو عریضہ فارم میں بتادی جاتی ہے۔

عریضہ فارم میں درج شدہ شرح سود سالانہ شرح سود ہے تاکہ قرض خوان بالکل متعین طور پر اس شرح سے واقف ہو جو اس کے کھاتے پر عائد ہوگی۔

### کارپوریٹ لون

قرض دار کو معائدے میں درج شقوں کے مطابق سود کی ادائیگی کرنا ہوگی۔ مزید برآں، ڈراڈاؤن درخواست لیٹر میں شرح سود درج ہے۔

### اوسط کاروبار کرنے والے قرض خواہان کے لئے لون

ڈراڈاؤن درخواست خط میں شرح سود کا ذکر کیا گیا ہے۔ مزید سود کی ادائیگی کی شق بھی لون معاہدے اور منظوری کئے خط میں شامل ہے۔ ان موکلوں کے لئے سرمایہ لگانے کے میدان میں مسابقی رجحانات کو دیکھتے ہوئے (عام طور پر ایک سے زیادہ افراد عام رقم لگانے کے لئے رضامند) بہت زیادہ شرح سود کاروبار کے لئے کارآمد نہیں ہے۔ اگر موکل کسی بھی شرط سے اتفاق نہیں کرتا ہے تو اگر مناسب سمجھے تو لون پے ڈاؤن (قرض کی جزئی رقم کی ادائیگی) کر سکتا ہے۔

### اسٹریٹجِک ایکوئٹی سولیشنز (ایس ای ایس) - مارجن لون،

عام طور پر ہائی ٹکٹ لون نفیس و پُرکشش یعنی زیادہ سرمایہ والے موکلوں کو پیش کیا جاتا ہے۔ یہ موکل بازار کے عمومی حالات سے واقف ہوتے ہیں۔
معاہدہ مکمل کرنے تک موکلوں کے ساتھ لون کی شرائط وضوابط کے بارے میں کئی مرتبہ گفتگو ہوتی ہے جس کی تکمیل قانونی معاہدے کے ذریعے ہوتی ہے۔

## 10. این بی ایف سی کی مالی مدد سے خریدی گئی گاڑیوں پر قبضہ کرنا: تعمیراتی سامان اور تجارتی گاڑیوں کا لون

سی ایف آئی ایل کے تمام معاہدوں/لون کے معاہدوں میں گاڑیوں کو قبضے میں لینے سے متعلق درج ذیل دفعات درج ہیں:

- قبضہ لینے سے پہلے اطلاع کی مدت
- ایسے حالات جن کے تحت اطلاع کی مدت پر چھوٹ دی جا سکے
- ضمانت پر قبضہ کرنے کا طریقہ کار
- ملکیت کی فروخت/نیلامی سے پہلے قرض خواہ کو لون واپس کرنے کا حتمی موقع فراہم کرنے کی دفعہ
- قرض خواہ کو ملکیت واپس کرنے کا طریقہ کار
- ملکیت کی فروخت/نیلامی کا طریقہ کار